**وزیر اعظم نے سر سیووساگر رام گلام اور سر انیرودھ جگناتھ کی سمادھی پر گلہائے عقیدت پیش کیے ( مارچ 11، 2025)**

11 مارچ، 2025

وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے آج سر سیووساگر رام گلام بوٹینیکل گارڈن، پامپلموسیس میں سرسیووساگر رام گلام اور سر انیرودھ جگناتھ کی سمادھی پر گلہائےعقیدت نذر کئے۔ گلہائے عقیدت پیش کرنے کی تقریب کے دوران وزیر اعظم مودی کے ہمراہ ماریشس کے وزیراعظم نوین چندر رام گلام بھی موجود تھے۔ اس موقع پر، وزیر اعظم جناب نریندر مودی نے ماریشس کی ترقی اور ہندوستان-ماریشس تعلقات کے لیے ایک مضبوط بنیاد بنانے میں دونوں رہنماؤں کی دیرپا میراث کو یاد کیا۔

2- گلہائے عقیدت نذر کرنے کی تقریب کے بعد وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور ماریشس کے وزیر اعظم نوین چندر رام گلام نے اس تاریخی باغ میں’’ایک پیڑ ماں کے نام‘‘ پہل کے تحت ایک درخت بھی لگایا۔

پورٹ لوئس

11 مارچ، 2025